ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((330

مورخہ 15.06.23

**بہاولپور(         )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے اسلحہ ناجائز، شراب اور چالو بھٹی برآمد۔جرائم پیشہ افراد کو ٹریس کر کے گرفتاریوں کا عمل جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے تھانہ کینٹ، تھانہ بغداد الجدید، تھانہ چنی گوٹھ، تھانہ ڈیراور اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے ملزمان احمد خان، عثمان علی، محمد ناصر، محمد بوٹا اور مختیار احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے جبکہ تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب غلام مرتضیٰ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 110 لیٹر دیسی شراب معہ چالو بھٹی برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھنانے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران گزشتہ روز مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان